© rasailojaraid.com



**حقائق اسلام**' ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی۔ ناشر: مرکزی مکتبہ اسلامی' ڈی-۳۰۷' دعوت نگر' ابوالفضل اینکلیو' جامعہ نگر' نیو دہلی-۱۱۰۰۲۵' بھارت۔ صفحات: ۲۱۶۔ قیمت: ۵۰ روپے

جس لمحے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کوہ صفا پر چڑھ کر اسلام کی دعوت پیش کی' اسلام پر اعتراضات کا سلسلہ اسی وقت سے شروع ہوگیا۔ اعتراضات گوناگوں تھے حتیٰ کہ قرآن پاک اور رسولؐ اللہ کی ذات گرامی بھی اعتراضات کا ہدف بنی۔ حقائق اسلام میں مصنف نے ہر طرح کے اعتراضات کے مختصر شافی جواب دیے ہیں۔ مسلمانوں کے معاشرے میں رہنے والوں کو تو بہت کم ان اعتراضات کا سامنا کرنا پڑتا ہے لیکن غیر مسلم معاشروں کے مسلمانوں کو ان اعتراضات سے روزمرہ واسطہ پیش آتا ہے۔

کیا قرآن واقعی اللہ کا پیغام ہے؟ رسول کریمؐ کی ازواج کی تعداد' حضرت زینبؓ سے نکاح' حضرت عائشہؓ کی عمر' حج میں قربانی دولت کا ضیاع ہے' پردہ بے جا پابندی ہے اور بھارت کے خصوصی پس منظر میں گوشت خوری پر اعتراضات اور حیوانات کے حقوق جیسے موضوعات پر بحث کی گئی ہے۔ یقیناً یہ ایک مفید اور ضروری کتاب ہے۔ مصنف نے ابتدا ہی میں لکھ دیا ہے کہ اعتراضات کا سبب اسلام سے ناواقفیت' مسلمانوں کی بے عملی اور جھوٹا پروپیگنڈا ہے۔ تدارک کے لیے ضروری ہے کہ مسلمان اسلام کا سچا نمونہ بنیں' غیر مسلموں سے ربط بڑھائیں اور اعتراضات کا جواب دیں۔ (م - س)

**اصلاح کے سات رنگ**' نگہت ہاشمی۔ ناشر: النور انٹرنیشنل' ۱۰۳-سعید کالونی نمبرا' کینال روڈ' فیصل آباد۔ صفحات: ۱۳۰۔ قیمت: درج نہیں۔

رمضان المبارک کے ۳۰ دنوں کے لیے' یہ روزانہ کا ایک دستور العمل ہے۔ دراصل یہ نگہت ہاشمی کے لیکچر ہیں جو رمضان کی مختصر تربیتی کلاسوں میں دیے گئے۔ ان کی افادیت و مقبولیت اور فوائد و ثمرات کے پیشِ نظر ان لیکچروں کی طلب بڑھی' اور فوٹو کاپیاں مہیا کرنا مشکل ہوگیا' تو اب انھیں مرتب کر کے شائع کر دیا گیا ہے۔ ہر روز کے لیے قرآن کی ایک آیت (یا قرآن کے بارے میں ایک مختصر حدیث)' ایک دعا' وضو' نماز میں خضوع و خشوع اور اخلاق و انفاق کے لیے ہدایت---

© rasailojaraid.com